UK Health Security Agency

NHS



### آپ کے بچے کو

# COVID-19 ویکسینیشن ہونے کے بعد آگے کیا توقع رکھی جائے



## 5 سے 11 سال کی عمر کے بچوں کے والدین کے لیے ایک ہدایت نامہ

nhs/CovidVaccine پر مزید معلومات ملاحظہ کریں



# NHS کی جانب سے تمام اہل بچوں کو COVID-19 ویکسین پیش کی جا رہی ہے۔

یہ کتابچہ بتاتا ہے کہ آپ کے بچے کو ویکسینیشن لگنے کے بعد اب کن امور کی توقع کی جائے۔

## منفی اثرات

دیگر تمام ادویاء کی طرح، ویکسینز بھی منفی اثرات مرتب کرسکتی ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر اثرات معمولی اور عارضی نوعیت کے ہوتے ہیں اور تمام بچوں میں نمودار بھی نہیں ہوتے۔ انتہائی عمومی نوعیت کے منفی اثرات ایک یا دو دن میں ختم ہوجانے چاہئیں۔ Pfizer ویکسین کی دوسری خوراک کے بعد اس ویکسین کے منفی اثرات نسبتاً زیادہ ہوتے ہیں۔

پہلے یا دوسرے دن سامنے آنے والے انتہائی عمومی منفی اثرات میں شامل ہیں:

- انجکشن لگائے گئے بازو میں تکلیف، بھاری پن کا احساس اور درد کی حساسیت
- تھکن محسوس کرنا
- سر درد، جسم میں درد اور کپکپاہٹ

ان میں ایک یا دو دن کے لیے فلو جیسی علامات بھی نمودار ہوسکتی ہیں جن میں وقفے وقفے سے کپکپاہٹ اور لرزہ طاری ہوسکتا ہے۔ تاہم، تیز بخار اس بات کا بھی اظہار ہوسکتا ہے کہ انھیں COVID-19 یا کوئی اور انفیکشن ہے۔

انہیں آرام کرنا چاہیے۔ طبیعت میں آرام کے لیے آپ انہیں پیراسیٹامول دے سکتے ہیں۔ براہِ کرم یہ یقینی بنا لیجیے گا کہ پیراسیٹامول کی مقدار اور قسم ان کی عمر کے حساب سے ہو۔

آپ پیراسیٹامول سے متعلق مزید معلومات یہاں www.nhs.uk/medicines/paracetamol-for-children ملاحظہ کرسکتے ہیں۔

ایک غیر عمومی منفی اثر یہ ظاہر ہوسکتا ہے کہ ویکسین لگائے گئے بازو کی طرف کے بغل یا گردن کے غدود سوج جائیں۔ یہ اثرات 10 دن تک برقرار رہ سکتے ہیں، لیکن اگر اس سے زائد عرصے تک جاری رہیں تو اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

## اگر آپ ان علامات کے حوالے سے تشویش میں مبتلا ہوں تو کیا کرنا چاہیے

یہ علامات عموماً ایک ہفتے سے کم دورانیے کے لیے برقرار رہتی ہیں۔ اگر ان کی علامات مزید بگڑتی ہوئی نظر آئیں یا آپ فکرمندی کا شکار ہوں، تو آپ NHS 111 کو کال کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کسی ڈاکٹر یا نرس سے مشورہ طلب کریں، تو انہیں اپنے بچوں کی ویکسینیشن کے بارے میں مطلع کرنا نہ بھولیں (انہیں ویکسینیشن کارڈ دکھائیں) تاکہ وہ آپ کے بچے کا درست طور پر تجزیہ کرسکیں۔

آپ ویکسینز اور ادویاء کے منفی اثرات کے شبہات کی اطلاع Yellow Card اسکیم کے ذریعے آن لائن یا Yellow Card ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے بھی دے سکتے ہیں۔

**coronavirus-yellowcard.mhra.gov.uk**

## کیا زیادہ سنگین نوعیت کے منفی اثرات بھی رونما ہوتے ہیں؟

حال ہی میں، COVID-19 ویکسینز کے بعد دل کی سوزش (جسے مایوکارڈائٹس یا پیری کارڈائٹس کہتے ہیں) کے انتہائی شاذ و نادر کیسز سامنے آئے ہیں۔

یہ کیسز زیادہ تر نوعمر افراد میں ویکسینیشن کے بعد چند دنوں کے اندر اندر دیکھے گئے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر افراد آرام اور سادہ علاج کے بعد تیزی سے صحتیاب ہوگئے اور بہتر محسوس کرنے لگے۔

اگر آپ کے بچے میں درج ذیل علامات ظاہر ہوں تو فوری طور پر طبی مشورے کے لیے رجوع کریں:

- سینے میں درد
- سانس لینے میں دشواری
- دل کی دھڑکن کا تیز رفتار ہونا، دل لرزنے یا زور زور سے دھڑکنے کا احساس ہونا

## کیا آپ کا بچہ ویکسین سے COVID-19 میں مبتلا ہوسکتا ہے؟


آپ کا بچہ ویکسین سے COVID-19 میں مبتلا نہیں ہوسکتا لیکن یہ ممکن ہے کہ اسے پہلے سے ہی COVID-19 ہوچکا ہو اور ویکسینیشن کے دن تک یہ علامات سامنے نہ آئی ہوں۔

COVID-19 کی اہم ترین علامات میں درج ذیل میں سے کسی عارضے کا حال ہی میں نمودار ہونا شامل ہے:

- مسلسل رہنے والی نئی کھانسی
- تیز بخار
- معمول کی ذائقے کی حس یا سونگھنے کی حس (اینوزمیا) کا ختم یا تبدیل ہوجانا

اگرچہ ویکسینیشن کے ایک یا دو دن کے اندر اندر بخار ہوسکتا ہے، لیکن اگر آپ کے بچے میں COVID-19 کی کوئی اور علامت ظاہر ہو یا بخار زیادہ دنوں تک برقرار رہے تو گھر پر رہیں اور ٹیسٹ کروانے کا انتظام کریں۔

## اس کے بعد کیا کرنا ہوگا




اپنے بچے کی ویکسینیشن کے بعد، آپ کو ایک ریکارڈ کارڈ دیا جائے گا۔ اگر آپ کے بچے کو دوسری خوراک کی ضرورت ہوئی، تو اگلا اپائنٹمنٹ تقریباً 8 سے 12 ہفتوں کے بعد ہوگا۔ دوسری خوراک انہیں زیادہ طویل عرصے کے لیے تحفظ فراہم کرے گی۔

**اپنے بچے کے ریکارڈ کارڈ کو محفوظ رکھیں۔ اگر آپ کے بچ کو دوسری خوراک کی ضرورت ہو، تو اپنے اگلے اپائنٹمنٹ کے لیے ضرور حاضر ہوں۔**

## اگر آپ کا بچہ طبیعت ناساز ہونے کے باعث اپائنٹمنٹ کے لیے نہ جاسکے

اگر آپ کے بچے کی طبیعت ٹھیک نہ ہو، تو بہتر یہی ہے کہ طبیعت مکمل طور پر بحال ہونے تک ویکسینیشن نہ کروائی جائے۔

اگر آپ کا بچہ سیلف آئسولیشن میں ہو یا COVID-19 ٹیسٹ کا انتظار کر رہا ہو تو اسے ویکسین اپائنٹمنٹ کے لیے نہیں آنا چاہیے۔ اگر آپ کے بچے کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آجائے تو سب سے مناسب یہ ہے کہ مثبت نتیجہ آنے کے بعد 12 ہفتوں تک انتظار کیا جائے اور اگر بچہ COVID-19 کے زیادہ خطرے سے دوچار ہو تو کم از کم 4 ہفتے انتظار کیا جائے۔

## کیا ویکسین آپ کے بچے کو تحفظ دے گی؟

آپ کے بچے کو لگائی جانے والی COVID-19 ویکسین سے یہ ثبوت ملے ہیں کہ یہ COVID-19 کے مرض میں ان کے مبتلا ہونے کے امکانات کو کم کر دیتی ہے۔

دنیا بھر میں اس ویکسین کی لاکھوں خوراکیں دی جا چکیں ہیں۔ یہ ویکسین بچوں اور نو عمر افراد میں انتہائی مؤثر ہے۔

آپ کے بچے کا جسم اس ویکسین سے حفاظتی اثر تخلیق کرنے میں چند ہفتے لے سکتا ہے۔ دیگر تمام ادویاء کی طرح، کوئی بھی ویکسین مکمل طور پر مؤثر نہیں ہوتی، لہٰذا اپنے بچے کو مرض کے انفیکشن سے بچانے کے لیے آپ کو تجویز کردہ ہدایات پر عمل جاری رکھنا چاہیے۔

بعض بچوں کو ویکسینیشن کروانے کے بعد بھی COVID-19 ہوسکتا ہے، لیکن تب یہ اتنا شدید نہیں ہوتا۔

## ویکسین لینے کے بعد آپ کا بچہ کیا کرسکتا ہے

ویکسین آپ کے بچے میں COVID-19 کا انفیکشن داخل نہیں کرسکتی اور یہ ان کے بیمار ہونے کے امکان کو کم کر دے گی۔

اس کے باوجود حالیہ قومی ہدایات پر عمل جاری رکھنا ضروری ہے۔ آپ کا بچہ ویکسین لگوانے کے بعد اسکول جانا جاری رکھ سکتا ہے۔

خود کو اور اپنی فیملی، دوستوں اور ساتھ کام کرنے والوں کو محفوظ رکھنے کے لیے، آپ کو ویکسین کے بعد بھی ان باتوں کا لازماً خیال رکھنا ہوگا:

- سماجی فاصلے کو ذہن میں رکھیں
- حسبِ ہدایت چہرے پر ماسک لگائیں
- اپنے ہاتھوں کو دھیان سے اور بار بار دھوئیں
- تازہ ہوا اندر آنے کے لیے کھڑکیاں کھولیں
- حالیہ ہدایات پر عمل کریں (gov.uk/coronavirus)



## COVID-19 کیسے پھیلتا ہے

COVID-19 ناک یا منہ سے سانس کے راستے باہر نکلنے والے بخارات سے پھیلتا ہے، خصوصاً بولتے یا کھانستے ہوئے۔ یہ جراثیم زدہ اشیاء اور سطحوں کو ہاتھ لگانے کے بعد اپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو چھونے کے باعث بھی ہوسکتا ہے۔

## مزید معلومات

براہِ کرم Coronavirus Yellow Card کی ویب سائٹ پر ویکسین، بشمول ممکنہ منفی اثرات، کی مزید تفصیلات کے لیے پروڈکٹ کی معلومات کا کتابچہ پڑھیں۔

آپ اسی ویب سائٹ پر یا پھر Yellow Card ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے مشتبہ منفی اثرات کی اطلاع بھی دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/coronavirus-vaccination پر دستیاب ہیں۔





© Crown copyright 2022. V1 1p 500K JAN 2022 (APS)
UK Health Security Agency gateway number: 20211196.
Product code: C22W511UR Urdu.

This leaflet is also available as an Easy Read version, braille, large print, and in Albanian, Arabic, Bengali, Bulgarian, Chinese, Estonian, Greek, Gujarati, Hindi, Panjabi, Latvian, Lithuanian, Polish, Portuguese Brazilian, Romany, Romanian, Russian, Somali, Spanish, Turkish, Twi, Ukrainian and Urdu paper copies.

اس کتابچے کی مزید نقول آرڈر کرنے کے لیے www.healthpublications.gov.uk وزٹ کریں یا اس نمبر پر فون کریں: 0300 123 1002 (صبح 8 سے شام 6 بجے تک، پیر تا جمعہ)۔